وحی قرآن، سورۃ وآیت کا مفہوم، نزول قرآن کی کیفیت، سورتوں، آیتوں، کلمات، حروف وحرکات کی تعداد، مکّی ومدنی سورتیں، قرآن کی پاروں اور منزلوں میں تقسیم، اوقات، جمع وترتیب قرآن، قرآنی رسم الخط، اعجاز قرآن، مشہور قراتوں اور قاریوں کا تذکرہ، قرآن کے تحریف سے پاک ہونے، بسم اللہ کے جزوقرآن ہونے، نماز میں سورہ فاتحہ کے پڑھے جانے، تعوذ، تلاوت قرآن کے فضائل وآداب، حفظ قرآن کی فضیلت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جن سورتوں کو نماز میں پڑھتے تھے، ان کا ذکر اور دوسرے ضروری متعلقہ امور پر مصنف نے اپنے زمانہ کے انداز ورجحان کے مطابق سیر حاصل بحث کی ہے۔

• ترجمانی قرآن کی تاریخ اور اس کے مختلف رجحانات

Approaches to the History of the Interpretation of the Quran : Andrew Rippon (ed.), Oxford, Clareden Press, pp334.

انڈریو رپن (مرتب)

یہ کتاب دراصل بیشتر ان مقالات پر مشتمل ہے جو کلگری یونیورسٹی میں ۱۹۸۵ء میں اسی موضوع پر منعقد ہونے والے ایک سیمینار میں پیش کئے گئے۔ اس کتاب میں مسائل تفسیر، تاریخ تفسیر، مختلف تفسیری رجحانات اور اصول سے بحث کی گئی ہے۔ کتاب چوں کہ بنیادی طور پر مختلف مقالات کا مجموعہ ہے اس لئے فطری طور پر مباحث باہم گر مربوط نہیں ہیں اور نہ ہی مختلف مسائل پر یکساں طور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب چار حصوں میں منقسم ہے۔

۱۔ حصہ اوّل۔ تفسیری روایات کی تشکیل اور ابتدائی نشوونما

اس میں پانچ مقالات شامل ہیں اور ابتدائی تفسیری روایات کے مختلف پہلوؤں سے بحث کرتے ہیں۔

۲۔ حصّہ دوم۔ اقسام تفسیر

اس حصہ میں تین مقالات شامل ہیں جن میں نسخ اور لغات قرآن وغیرہ جیسے مسائل زیر بحث آئے ہیں۔

حصّہ سوم۔ مختلف فرقے اور تفسیر

اس حصہ میں تین مقالات شامل ہیں جن میں سے امامی، اسماعیلی اور بابی انداز تفسیر